**Habib Rice Products Ltd.**
دوسری منزل، یو بی ایل بلڈنگ، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی -74000، پاکستان
فون: 32414362 (21-92+)، 363963 (0853-92+)

# ڈائریکٹرز کا انتخاب

## کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن (۴)۱۵۹ کے تحت نوٹس

ممبران کو بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن (۴)۱۵۹ کی شق کے مطابق درج ذیل افراد نے حبیب رائس پروڈکٹس لمیٹڈ (''کمپنی'') کے غیر معمولی اجلاسِ عام میں ڈائریکٹرز کے طور پر انتخاب کے لئے خود کو پیش کرنے کے ارادے کا نوٹس اور مطلوبہ دستاویزات جمع کروائیں ہیں، جو مورخہ ۳ جون ۲۰۲۶ء کو صبح ۱۱:۰۰ بجے بمقام دی انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (آئی سی اے پی) آڈیٹوریم ہال، ڈی-۳۱/۸، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ایونیو، کلفٹن، کراچی میں منعقد کیا جائے گا:

۱۔ جناب غفار اے۔ حبیب
۲۔ جناب اویس جی۔ حبیب
۳۔ جناب طفیل وائی۔ حبیب
۴۔ محترمہ فاطمہ جی۔ حبیب
۵۔ جناب اسد آر۔ پریم جی
۶۔ جناب عادل احمد چھاپرا
۷۔ جناب فیصل آدم جی

چونکہ ان افراد کی تعداد جنہوں نے خود کو انتخاب کیلئے پیش کیا ہے، کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن (۱)۱۵۹ کے تحت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے مقرر کردہ ڈائریکٹرز کی تعداد کے مساوی ہے لہٰذا مذکورہ بالا امیدواران کو آئندہ منعقد ہونے والے غیر معمولی اجلاسِ عام میں کمپنی کے ڈائریکٹرز کے طور پر بلا مقابلہ منتخب تصور کیا جائے گا۔

آزاد (انڈیپنڈنٹ) ڈائریکٹرز کا انتخاب کمپنیز ایکٹ کے سیکشن ۱۶۶ اور اس کے تحت جاری کردہ متعلقہ ضوابط کے تقاضوں کی تعمیل میں، اُن کے تجربے، صلاحیتوں، تنوع، مہارت اور علم کی بنیاد پر کیا گیا ہے۔ مذکورہ بالا امیدواران کے پروفائلز کمپنی کی ویب سائٹ پر اَپ لوڈ کر دیئے گئے ہیں، جو درج ذیل لنک پر ملاحظہ کیے جا سکتے ہیں:

www.hrpl-financialstatement.com

حسب الحکم بورڈ

محمد حارث
کمپنی سیکریٹری

کراچی:
۲۲ مئی ۲۰۲۶ء